# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD

(A Central University established by an Act of Parliament of India, 1998)

---

## مفوضہ کام (فاصلاتی طرز): بی۔اے۔سماجیات؛ سال: اول، دوم اور سوم

### ☆ ہدایات ☆

مفوضہ کام (Assignments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے۔(فاصلاتی طرز) پروگرام کا لازمی جز ہیں۔ مفوضہ کام کے لئے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچے کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہونگے۔ سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس نمبر رکھے گئے ہیں، ان کا اوسط آپ کے سالانہ امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائیگا۔ مفوضہ کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے جملہ 30 نمبرات میں سے 12 نمبرات حاصل کرنے ہونگے۔ سال کے اختتام پر سالانہ امتحان ہوگا اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہونگے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لئے 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوضہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات درج ذیل ہیں۔

۱۔ ہر مفوضہ کام کے جوابات علحدہ، مناسب، سفید، فُل اسکیپ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھئے۔ ہر صفحہ پر دونوں جانب کم از کم ایک اِنچ کا حاشیہ ضرور چھوڑئے۔

۲۔ جوابات پر 'حصہ' اور 'سوال نمبر' ضرور درج کیجئے۔ غلط سوال درج کرنے کی صورت حال میں آپ کے تحریر کردہ جواب کو نمبرات سے محروم رکھا جائے گا۔

۳۔ مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اِسٹڈی سینٹر کے کوآرڈینیٹر کے نام ارسال کیجئے یا شخصی طور پر ان کے حوالے کیجئے۔

۴۔ کوآرڈینیٹر سے اپنے مفوضہ کام کی رسید بھی لیجئے۔

۵۔ اگر آپ مفوضہ کام داخل نہ کرسکے یا کم از کم 12 نمبرات حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے تو آپ کو آئندہ بیچ Batch کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہوگا اور اس کے لئے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے مسلسل رابطہ رکھنا ہوگا۔ ویب سائٹ: www.manuu.edu.in/dde

۶۔ ایک مرتبہ مفوضہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافہ کے لئے دوسری مرتبہ مفوضہ کام داخل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

۷۔ مفوضہ کام داخل کرنے کی آخری تاریخ:

| | | |
|---|---|---|
| پہلا مفوضہ کام | : | 31 مارچ 2020 |
| دوسرا مفوضہ کام | : | 30 اپریل 2020 |
| تیسرا مفوضہ کام | : | 31 مئی 2020 |

۸۔ مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات Assignments قبول نہیں کئے جائینگے۔

۹۔ طلباء کو چاہئے کہ مفوضہ کام کے کاغذات سے پہلے صفحہ اول پر ان تفصیلات کو درج کریں:

| | |
|---|---|
| نام:------------------------------ | اسٹڈی سینٹر:------------------------------ |
| پتہ:------------------------------ | اندراج نمبر:------------------------------ |
| بی۔اے۔کا مضمون:------------------------------ | سال :------------------------------ |
| پرچہ:------------------------------ | مفوضہ کام نمبر:------------------------------ |
| تاریخ:------------------------------ | دستخط :------------------------------ |

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## بی۔اے۔سماجیات، سال اول

## 2019 - 2020

## پہلا پرچہ۔اصول سماجیات

## مفوضہ کام-1 (اکائی 1 تا 9)

جملہ نمبرات:30

(حصہ-الف)

حصہ'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔تمام سوالات لازمی ہیں۔ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (5x2=10)

1-"سماجیات اپنے وسیع تر مفہوم میں اس بین عمل کے مطالعہ کا نام ہے جو افراد کے میل جول کے نتیجہ کے طور پر پیدا ہوتا ہے"۔سماجیات کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟

(a) ویبر (b) دوبے
(c) گلن اور گلن (d) مورگن

2-نامیاتی استحکام کا تصور کس نے وضع کیا ہے؟

(a) درکھائم (b) پارسن
(c) کومت (d) مارٹن

3-معاشی جبریت "Economic Determinism" کا تصور کس نے پیش کیا ہے؟

(a) کانٹ (b) مارکس
(c) پریٹو (d) اسپنسر

4- لوک طریقوں کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(a) عوامی طریقے (b) خواص کے طریقے
(c) دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

5- اصول(Mores) کی اصطلاح کس نے وضع کی؟

(a) کارل مارکس (b) ایڈم اسمتھ

(c) گراہم سمنر (d) میکس ویبر

## (حصہ- ب)

حصہ-'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (2x5=10)

1- سماجیاتی بین عمل اور سماجی تعلقات کو سمجھایئے۔

2- سماجیات اور سیاسیات کے تعلق کو سمجھایئے۔

3- سماجی حرکیات سے کیا مراد ہے؟

4- حیثیت اور رول میں کیا فرق ہے؟

## (حصہ- ج)

حصہ-'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ان میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1- سماجی زندگی پر صنعتی انقلاب کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔

2- مواد(Data) سے کیا مراد ہے؟ سماجی علم میں تحقیق سے متعلق مواد کی اقسام بتایئے۔

3- ۔ترسیل کی اہمیت کو سمجھایئے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## بی۔اے۔سماجیات، سال اول

## 2019 - 2020

## پہلا پرچہ-سماجیات: اصول سماجیات

## مفوضہ کام-2 (اکائی 10 تا 22)

جملہ نمبرات:30

(حصہ-الف)

حصہ'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (5x2=10)

1- درجہ ذیل میں سے کس گروہ کے اندر تعلقات غیر مشروط اور جن کے افراد کے یکساں معیار، ہمدردی اور مشترک جذبہ پایا جاتا ہے؟

(a) ابتدائی گروہ کے اندر۔ (b) ثانوی گروہ کے اندر۔

(c) دونوں میں۔ (d) ان میں سے کوئی نہیں۔

2- کمیونٹی(Gemeinschaft)اور انجمن(Gessellschaft) کا تصور کس نے پیش کیا ہے؟

(a) کارل مارس (b) فرڈنینڈ ٹونیس

(c) امائل درکھائم (d) چارلس کولے

3- کس کے مطابق مدنیت(Urbanism) سے مراد نہ صرف شہری ڈھانچہ اور شہری تمدن کی خصوصیات ہیں بلکہ یہ ایک شہری طرز ہوتا ہے؟:

(a) اگست کومت (b) جارج زمل

(c) امائل درکھائم (d) لوئی ورتھ

4- درجہ ذیل میں سے کس نے علاماتی بین عمل(Symbolic Interaction) کا تصور وضع کیا ہے:

(a) پارسن (b) کانٹ

(c) میڈ    (d) ان میں سے کوئی نہیں

5- عمومی دیگر کا تصور کس نے پیش کیا ہے؟

(a) میڈ    (b) دوبے

(c) کولے    (d) ویبر

## (حصہ- ب)

حصہ-'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (2x5=10)

1- گروہ اور بین عمل لازم وملزوم تصورات ہیں۔مختصراً سمجھایئے۔

2- ریفرنس گروہ کسے کہتے ہیں؟

3- شہری کمیونٹی سے کیا مراد ہے؟

4- ورنا نظام کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

## (حصہ- ج)

حصہ-'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ان میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1- کمیونٹی کی مختلف تعریفات کو بیان کیجئے۔

2- سماجیت کی تعریف کرتے ہوئے اس طریق کو سمجھایئے جو فرد کی پوری زندگی میں جاری رہتا ہے۔

3- سماجی درجہ بندی کی نوعیت اور فرائض بیان کیجئے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے۔سماجیات، سال اول

2019 - 2020

پہلا پرچہ-سماجیات:اصول سماجیات

مفوضہ کام-3 (23 کائی 1 تا 31)

جملہ نمبرات:30

(حصہ-الف)

حصہ'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔تمام سوالات لازمی ہیں۔ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (5x2=10)

1-درجہ ذیل میں سے کس نے شادی کی یہ تعریف کی ہے "مرد اور عورت کے درمیان ایسا استوار رشتہ جو بچوں کی پیدائش کے بعد تک قائم رہتا ہے؟

(a) مورگن (b) پارسن

(c) ویسٹرمارک (d) ان میں سے کوئی نہیں

2-انسان کتنے طرح کے معاشی نظام سے گزرا ہے؟

(a) چار (b) تین

(c) دو (d) چھ

3-درجہ ذیل میں سے کون مملکت کے عناصر میں سے نہیں ہے؟

(a) علاقہ (b) آبادی

(c) حکومت (d) مذہب

4-یہ کس نے کہا کہ مملکت (State) ایک ایسی انجمن ہے جو طاقت کے جائز استعمال کی اجارہ داری کا دعوی کرتی ہے؟

(a) کومت (b) درکھائم

(c) مارکس (d) دوبے

5- یہ کس کا کہنا ہے کہ جادو ایک کاذب سائنس (Pseudo-Science) ہے؟

(a) کومت (b) میلی نوسکی

(c) پارسن (d) فریزر

(حصہ - ب)

حصہ - 'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (2x5=10)

1- فرد کے لئے سماج کی کیا اہمیت ہے؟ ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

2- تقسیم کار کے بارے میں کارل مارکس کا نظریہ بیان کیجئے۔

3- جائداد کی کسی ایک قسم پر بحث کیجئے۔

4- روح پرستی سے کیا مراد ہے؟

(حصہ - ج)

حصہ - 'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ ان میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1- خاندان کی تعریف کیجئے اور خاندان کی مختلف قسموں کی تشریح کیجئے۔

2- ٹیکنالوجی کے معنی اور اس کی اہمیت بیان کیجئے۔

3- قدیم ہندوستان میں تعلیم کے فرائض کیا تھے؟